ریلیز
اردو میں

VISION رؤية 2030
المملكة العربية السعودية
KINGDOM OF SAUDI ARABIA

الرئاسة العامة لشؤون المسجد الحرام والمسجد النبوي

إدارة الإعلام والاتصال

# مسجد حرام کے زائرین کے لیے رہنما تعلیمات وہدایات

## Directions and Guidelines for Visitors to al-Masjid al-Haram

## رسائل توعوية وتوجيهية لزوار المسجد الحرام

## Des consignes et des recommandations à l’intention des visiteurs de la Mosquée Sacrée

## پیامهای آگاهی وراهنمایی برای زائران مسجدالحرام

## Pesan dan Arahan untuk Pengunjung Masjidil Haram

## شریفانہ لباس کی پابندی

محترم بہنو!
آپ کے بے وزینت اور خوشبو سے پرہیز پردہ میں رہنے اور زی کرنے میں نبوی طریقہ کی بجا آوری ہے۔

## بچوں کی دیکھ ریکھ

زائرین کرام!
آپ اپنے بچوں کو اس بات کی تنبیہ کریں کہ وہ صفائی کا خیال رکھیں, کھیل کود سے باز رہیں اور آواز پست رکھیں تاکہ اس جگہ کی روحانیت اور پاکیزگی باقی رہے۔

## موبائل فون

زائرین کرام!
موبائل فون کی آواز آپ کے نمازی بھائیوں کے خشوع میں خلل ڈالتی ہے, اس لیے آپ اسے بند کرنا نہ بھولیں۔

## مصاحف

زائرین کرام!
مصاحف حرم کے لیے وقف ہیں, انہیں اپنے ساتھ لے جانا جائز نہیں, پڑھ کر انہیں ان کی جگہ پر لوٹادیں۔

## حرم لائبریری

زائرین کرام!
حرم لائبریری میں مختلف موضوعات پر کتابیں موجود ہیں, آپ لائبریری جائیں اور استفادہ کریں۔

## عملہ کے ساتھ تعاون

زائرین کرام!
یاد رکھیں صفائی, پانی سپلائی اور اصلاح ومرمت کا عملہ مسجد حرام کی خدمت کے لیے مخصوص ہے, آپ اس کی مدد کریں اور اس کو راستہ دیں۔

## نگراں خواتین کے ساتھ تعاون

معزز بہنو!
نگراں خواتین کے ساتھ آپ کے تعاون کرنے سے آمد ورفت میں آسانی ہوگی, بھیڑ بھاڑ سے بچا جا سکے گا اور جگہ کی حفاظت ہوگی۔

## الکٹرانک سیڑھیاں

زائرین کرام!
الکٹرانک سیڑھیاں ان کی رواں سمت میں استعمال کریں, الٹی سمت نہ چلیں اور ان کے ساتھ چھیڑ چھاڑ نہ کریں, اس میں آپ کی اور دوسروں کی سلامتی ہے۔

## سیفٹی باکس

زائرین کرام!
آپ اپنے ذاتی ساز وسامان حفاظت کی غرض سے حرم کے صحنوں میں موجود سیفٹی باکسوں میں رکھ سکتے ہیں۔

## انتباہ

زائرین کرام!
شاہ فہد رحمہ اللہ قرآن پرنٹنگ کمپلکس کی اشاعتوں کے علاوہ دوسرے مصاحف حرم کو ہدیہ نہیں کیے جاسکتے۔

## طواف کی دو رکعت

زائرین کرام!
طواف کرنے والوں کے لیے بھیڑ کا سبب نہ بنیں, آپ طواف کی دو رکعت مسجد حرام میں کہیں بھی پڑھ سکتے ہیں, مقام ابراہیم کے پیچھے پڑھنے کی کوئی شرط نہیں۔

## نماز کے بعد انتظار

زائرین کرام!
آپ نماز کی ادائیگی کے بعد اپنی جائے نماز پر چند منٹوں کے لیے انتظار کریں, اس سے آپ بھیڑ سے بچ سکتے ہیں , یاد رہے! نماز کے بعد اپنی جائے نماز پے انتظار کرنا عبادت ہے۔

## خاص دروازے

زائرین کرام!
حرم کے صدر دروازوں میں معذور حضرات کے لیے خاص انٹرینس (داخلے) تیار کیے گئے ہیں۔

## جگہ بک کرنا

زائرین کرام!
مسجد حرام میں نماز کے لیے جگہ بک کرنا منع ہے, اس میں آپ ہمارے ساتھ تعاون کریں۔

خدمة الحاج والزائر وسام شرف لنا ٤

We are proud to serve the Hujjaj and visitors 4

الرئاسة العامة لشؤون المسجد الحرام والمسجد النبوي

## مدد مانگنا

زائرین کرام!
حرمین میں متعین پورا عملہ آپ کی خدمت کے لیے ہے, آپ بلا تردد اس سے مدد طلب کریں اور اس کی بات مانیں, تاکہ اپنے مناسک آسانی کے ساتھ ادا کر سکیں۔

## آب زمزم کے ڈبے

زائرین کرام!
مسجد سے باہر وضو کے لیے مخصوص جگہیں ہیں, آب زمزم کے ڈبوں سے نہ وضو کریں اور نہ انہیں ہٹائیں۔

## دروازوں پر بھیڑ

زائرین کرام!
بھیڑ بھاڑ کی جگہوں سے بچنے کے لیے دروازوں کے اوپر لگی ہدایات پر عمل کریں۔ سبز نشان کا مطلب: آپ داخل ہوسکتے ہیں سرخ نشان کا مطلب: آپ داخل نہیں ہوسکتے ہیں۔

## سروس برائے فتوی اور رہنمائی

زائرین کرام!
آپ فتوی ورہنمائی کی خدمت حاصل کرنے کے لیے دروازوں پر موجود ٹیلیفون کا استعمال کریں, آپ صرف ٹیلیفوں اٹھائیں ہم براہ راست آپ کے سوال کا جواب دیں گے۔

## کوڑے کرکٹ

زائرین کرام!
کوڑے کرکٹ کو اس کی مخصوص جگہ میں ڈالیں, تاکہ حرم صاف ستھرا رہے۔

## آب زمزم بھرناش

زائرین کرام!
گیلین اور ذاتی تھرمس میں آب زمزم بھرنے کے لیے اس کے مخصوص پوائنٹ کا استعمال کریں۔

## اشیائے خورد ونوش

زائرین کرام!
اشیائے خورد ونوش حرم کے اندر نہ لائیں, اس سے نمازیوں کو پریشانی ہوتی ہے اور گندگی پھیلتی ہے۔

## عورتوں کی جائے نماز

زیارت کے لیے آئی بہنو!
بھیڑ سے بچنے اور اطمینان وخشوع کے ساتھ نماز ادا کرنے کے لیے آپ عورتوں کے مخصوص دروازوں کا استعمال کریں اور ان کی مخصوص جگہوں میں نماز پڑھیں۔

## دروازوں پر بھیڑ

زائرین کرام!
بھیڑ بھاڑ کی جگہوں سے بچنے کے لیے دروازوں کے اوپر لگی ہدایات پر عمل کریں. سبز نشان کا مطلب: آپ داخل ہوسکتے ہیں سرخ نشان کا مطلب: آپ داخل نہیں ہوسکتے ہیں.

## پیتل کی الماریوں کو ہٹانا

زائرین کرام!
مصاحف کے لیے مخصوص پیتل کی الماریوں میں اپنے ذاتی سامان نہ رکھیں اور نہ انہیں ان کی مخصوص جگہوں سے ہٹائیں.

## اشارتی زبان میں خطبوں کا ترجمہ

زائرین کرام!
سننے بولنے سے معذور حضرات کے لیے اشارتی زبان میں خطبوں کا ترجمہ سننے کی سہولت دروازہ نمبر (93) کے بغل میں ہے.

## الٹی سمت چلنا

زائرین کرام!
اندر جانے اور باہر نکلنے کے دوران نمازیوں کی الٹی سمت نہ چلیں, اس سے خود آپ کو تکلیف پہنچ سکتی ہے اور نقل وحرکت معطل ہوسکتی ہے.

## قالین

زائرین کرام!
نماز کے قالین, جگہ کے سائز کے مطابق بچھائے گئے ہیں, انہیں ہٹایا نہ جائے, اس سے نقل وحرکت میں خلل پڑتا ہے اور ان کی صفائی کا خیال رکھیں.

## تھیلوں میں جوتے لیجانا

زائرین کرام!
جوتیوں کو ان کی مخصوص جگہ یا پلاسٹک کی تھیلیوں میں رکھ لیں, تاکہ حرم کی صفائی باقی رہے.

## آب زمزم کی ٹوٹیاں

زائرین کرام!
نعمت کی قدردانی یہ ہے کہ آپ آب زمزم کی حفاظت کریں, اسے بیجا خرچ نہ کریں اور دوسروں کو بھی اس بارے میں بتائیں.

## حجر اسود کا بوسہ

زائرین کرام!
حجر اسود کا بوسہ لینا ایک سنت ہے, اس سنت کو ادا کرتے وقت اپنے بھائیوں کو تکلیف نہ دیں.

## اوپری منزلوں میں نماز

زائرین کرام!
نماز کے لیے اوپری منزلوں میں تشریف لے جائیں اور نچلی منزلوں میں حجاج ومعتمرین کی خاطر بھیڑ کم کریں.

## مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے

زائرین کرام!
17 زبانوں میں قرآن کے ترجمے دستیاب ہیں [اردو, فرنچ, انڈونیسی, ترکی, چینی, صومالی, ملیالم, تھائلنڈی, اسپینی, بوسنوی, جرمن اور ہوسا].

## گولف کار

زائرین کرام!
عمر دراز لوگوں اور معذوروں کو حرم لے جانے اور حرم سے لے آنے کے لیے گولف کار کی سروس دستیاب ہے.

## وہیل چیئر

زائرین کرام!
اوپری منزلوں پر طواف وسعی کے لیے خاص ٹریک مخصوص کیے گئے ہیں.

## دروازے

زائرین کرام!
دروازوں کے سامنے نماز نہ پڑھیں اور ان کی گذرگاہوں پر نہ بیٹھیں, اس سے نقل وحرکت میں خلل پڑتا ہے اور بھیڑ پیدا ہوتی ہے.

VISION رؤية 2030
المملكة العربية السعودية
KINGDOM OF SAUDI ARABIA

الرئاسة العامة لشؤون المسجد الحرام والمسجد النبوي

## تصویر لینے سے پرہیز

زائرین کرام!
تصویر لینے میں مشغول نہ ہوں, یہ حرم کی تعظیم کے خلاف ہے, اللّٰہ کا ارشاد ہے: "اور جو اللّٰہ کے شعائر کی تعظیم کرے, بیشک یہ دلوں کے تقوی کی علامت ہے".

## پانی کے گلاس

زائرین کرام!
پلاسٹک کے گلاس آب زمزم پینے کے لیے مخصوص ہیں, ان کی حفاظت کریں, ان کا کم سے کم استعمال کریں اور استعمال کے بعد انہیں ان کی مخصوص جگہ میں رکھیں.

## نابینا حضرات کے مصاحف

زائرین کرام!
معذوروں کی خدمت کے لیے برائل پر لکھے مصاحف برائے نابینا حضرات دوسرے ترجموں کے ساتھ دستیاب ہیں.

## الکٹرانک ساکٹ کا استعمال

زائرین کرام!
الکٹرانک ساکٹ اصلاح ومرمت اور صفائی کے کاموں کے لیے لگائے گئے ہیں, براہ کرم نہ انہیں استعمال کریں اور نہ ان سے چھیڑ چھاڑ کریں.

## مسجد کے دروازے

زائرین کرام!
جس دروازہ سے آپ مسجد میں داخل ہوں, اس کا نمبر یا نام یاد رکھیں, تاکہ آپ آسانی سے واپس آسکیں.

## بھیک مانگنا

زائرین کرام!
بھیک مانگنا قانون کی خلاف ورزی ہے, جس پر سزا مل سکتی ہے اور حرم کے صحنوں کے اندر خرید وفروخت کی اجازت نہیں ہے.

## مفت وہیل چیئر

زائرین کرام!
عمر دراز لوگوں اور معذوروں کے لیے مفت وہیل چیئر مشرقی ومغربی صحن میں موجود "وہیل چیئر دفتر" کے پاس دستیاب ہیں.

## خادم حرمین پروجیکٹ برائے ترجمہ خطبہ حرمین

زائرین کرام!
آپ اپنی زبان میں مسجد حرام کے خطبہ کا فوری ترجمہ اپنے موبائل سے FM 90.200 لہر پر سن سکتے ہیں.

reasahalharmain

grm@gph.gov.sa

www.gph.gov.sa